# بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

UG of Companies

## نوٹس برائے غیر معمولی اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ممبران کا ایک غیر معمولی اجلاس عام جمعہ 31 جنوری 2020ء کو صبح دس بجے عمر ہاؤس 23/1، سیکٹر 23، ایس ایم فاروق روڈ، کورنگی انڈسٹریل کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

1- چالیسویں (40) اجلاس عام منعقدہ 26 اکتوبر 2019ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے تحت آئندہ تین سال یعنی 31 جنوری 2020ء تا 31 جنوری 2023ء کیلئے ڈائریکٹرز کا انتخاب

الف)......کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 (1) اور 2۔(اے) کی تعمیل میں موجودہ بورڈ نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ 28 اکتوبر 2019ء میں ایک قرارداد پاس کرتے ہوئے 31 جنوری 2020ء میں متوقع انتخابات میں ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) مقرر کردی ہے۔

ب)......کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 (2) (بی) کے تحت سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز حسب ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| 1- جناب محمد سلیم | 6- مسز صبا یوسف |
| 2- جناب محمد شاہین | 7- جناب عادل شکیل |
| 3- جناب خرم سلیم | 8- جناب حمزہ شکیل |
| 4- جناب محمد امین | 9- جناب اقبال محبوب |
| 5- جناب بلال شریف | |

3- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

**کراچی۔8 جنوری 2020ء**

محمد احمد

کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کے متمنی فرد کو غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کو اپنے عندیہ سے مطلع کرنا ہوگا۔ امیدوار کو فارم 28 پر عندیہ کے ہمراہ تفصیلی پروفائیل اور کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس کے تحت مطلوبہ ڈیکلریشن پیش کرنا ہوگا۔

امیدوار کو یہ بھی تصدیق کرنی ہوگی کہ:

الف) وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت فرائض اور اختیارات سے واقف ہے۔

ب) وہ ایکٹ، لسٹیڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز مجریہ 2019ء اور دیگر نافذ العمل قانون رولز اور ریگولیشنز کی کسی شق کے تحت ڈائریکٹر کیلئے نا اہل نہیں۔

ج) وہ سات سے زائد لسٹیڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام نہیں دے رہے۔

د) نہ وہ خود یا ان کے شوہر/اہلیہ بروکیج کے کاروبار میں ملوث ہیں اور نہ ہی کسی کارپوریٹ بروکیج ہاؤس کے اسپانسر ڈائریکٹر یا آفیسر ہیں۔

2- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 24 جنوری 2020ء تا 31 جنوری 2020ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے دفتر واقع عمر ہاؤس 23/1، سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں 23 جنوری 2020ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

3- غیر معمولی اجلاس عام ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے۔ ممبر کے علاوہ کسی کو پروکسی مقرر نہیں کیا جاسکتا۔

4- پروکسی کی تقرری کی دستاویز، پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے دفتر میں داخل کرانی ہوگی۔ دستاویز پر دستخط، مہر اور گواہی ہونی چاہیے۔

5- اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل سی ڈی سی انفرادی مالک کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنی شناخت کیلئے شریک آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر کے ہمراہ اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگی۔ پروکسی کو سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنی ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو اس مقصد کیلئے عام مطلوبہ دستاویزات پیش کرنی ہوں گی۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر مجریہ 2000ء مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

6- ممبران سے درخواست ہے کہ پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔

7- جن ممبران نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی کاپی جمع نہیں کرائی ہے ان سے جلد از جلد ارسال کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

8- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 132 (2) کے تحت کمپنی غیر معمولی اجلاس عام ہذا میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کے خواہشمند ممبران کو متعلقہ شہر میں دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی موجودگی اور سہولت کی دستیابی کی صورت میں متعلقہ سہولت فراہم کریگی۔ تاہم وڈیو لنک کے ذریعہ ای او جی ایم میں شرکت کا مطالبہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل کمپنی کو مل جانا چاہیے۔

کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے سلسلہ میں مقام کی نشاندہی اجلاس سے کم از کم پانچ (5) روز قبل کردیگی۔ اس ضمن میں درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل فارم پر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم سات (7) روز قبل داخل کرادیا جائے۔

میں/ہم______ بطور ممبر______ حامل______ عام حصص فولیو______ وڈیو کانفرنس کی______ پر انعقاد چاہتے ہیں۔

ممبر کے دستخط______

9- ایس ای سی پی نے اپنے اعلامیہ، ایس آر او 787 (1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے ذریعہ کمپنی کو بذریعہ الیکٹرونک سیل سسٹم (ای۔ میل) سالانہ مالیاتی گوشوارے اور نوٹسز ممبران کو فراہم کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ ہم بخوشی اپنے خواہشمند ممبران کو آئندہ سالانہ مالی گوشوارے اور دیگر نوٹسز بذریعہ ای۔میل ارسال کرنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں ممبران سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ: www.umergroup.com پر دستیاب اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پر کر کے اپنے عندیہ سے مطلع کریں۔

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ای۔میل پر مذکورہ ای۔میل کی وصولی کیلئے مناسب جگہ اور 2MB فائل سے زائد گنجائش موجود ہو۔ مزید براں رجسٹرڈ ای۔میل میں کسی تبدیلی سے بروقت شیئر رجسٹرار کو مطلع کرنا ممبر کی ذمہ داری ہے

10- **کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166 (3) کے تحت خودمختار ڈائریکٹر کی تقرری سے متعلق گوشوارا۔**

خودمختار ڈائریکٹر کی تقرری کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166 (1) کے تحت اہل اور خواہشمند افراد کے ڈیٹا بنک میں درج نام، پتے اور تعلیمی قابلیت کی بنیاد پر کی جائیگی۔

دفعہ 153 کے تحت اہل اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 166 (2) کے تحت معیار پر پورا اترنے والے فرد کو خودمختار ڈائریکٹر کے طور پر نامزدگی داخل کرانی ہوگی۔ تاہم واضح ہو کہ خودمختار ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 159 کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کی طرح ہوگا۔ امیدواروں کی حتمی فہرست دفعہ 159 (4) کے تحت مذکورہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم سات روز قبل جاری کردی جائیگی۔ مزید براں کمپنی کی ویب سائٹ پر مندرجہ بالا پیرا-I میں درج شرائط پر امیدواروں کی مطلوبہ معلومات جاری کردی جائیں گی۔

کسی بھی فرد/ڈائریکٹر کو اپنی حصص یافتی کے علاوہ مندرجہ بالا امور میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں اور ڈائریکٹر کے انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں۔